# کیا موت کے وقت ہونے والی تکلیف سے بھی گناہ مٹتے ہیں؟

**مجیب:** مولانا محمد شفیق عطاری مدنی

**فتوی نمبر:** WAT-3176

**تاریخ اجراء:** 10ربیع الثانی 1446ھ/14اکتوبر2024ء

## دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

## سوال

ہم ہمیشہ سے سنتے آئے ہیں کہ آقا جان صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر انسان کو تھوڑی بھی تکلیف ہو، تو اس کے گناہ مٹتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ موت کے وقت تو انسان کو بہت درد ہوتا ہے، تو کیا اس میں بھی یہ ہی کہا جائے گا؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

سب سے پہلے تو یہ سمجھ لیں کہ دردو تکلیف کے باعث گناہ مٹنے والی بشارت ہر انسان کے لیے نہیں بلکہ صرف مسلمان کے لیے دی گئی ہے۔ اوراس کے بعد عرض ہے کہ اس دردو تکلیف سے ہر قسم کی دردو تکلیف مراد ہے، یہاں تک کہ موت کے وقت جو تکلیف ہو وہ بھی اس میں شامل ہے اور ایک حدیث پاک میں تو بالکل واضح الفاظ ہیں کہ:"موت ہر مسلمان کے لیے کفارہ ہے۔"

بخاری شریف کی حدیثِ پاک میں ہے:"مایصیب المسلم، من نَصَب ولا وصَب، ولا هَمّ ولَا حُزن ولا أذى ولا غم، حتى الشوكة يُشاكُها، إلا كفّر الله بها من خطاياه"ترجمہ: مسلمان کو تھکاوٹ، بیماری، پریشانی، رنج، تکلیف اور غم میں سے جو مصیبت پہنچتی ہے، یہاں تک کہ اسے کانٹا بھی چُبھتا ہے، تو اللہ پاک اس (مصیبت) کو اُس کے گناہوں کا کفّارہ بنادیتا ہے۔ (صحیح بخاری، کتاب المرضی، باب ماجاء فی کفارۃ المرض، ج7، ص114، حدیث5641، دارطوق النجاۃ)

موت کے کفارہ ہونے کے متعلق حدیث شریف میں ہے:"الموت كفارة لكل مسلم" ترجمہ: موت ہر مسلمان کے لیے (گناہوں کا) کفارہ ہے۔ (شعب الایمان، رقم الحدیث9420، ج12، ص293، مکتبۃ الرشد)

علامہ مناوی علیہ الرحمۃ فیض القدیر میں فرماتے ہیں:"(الموت کفارة لکل مسلم) لما یلقاہ من الآلام والأوجاع وفي رواية لکل ذنب"ترجمہ: موت ہر مسلمان کے لیے کفارہ ہے، ان تکلیفوں اور دردوں کی وجہ سے جو اسے پہنچتے ہیں اور ایک روایت میں ہے کہ ہر گناہ کے لیے کفارہ ہے۔(فیض القدیر، حرف المیم، ج06، ص279، المکتبة التجاریة الکبری، مصر)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net